**18.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

..............................................................................

☆ NDA نے آنے والے جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے سیٹوں کی تقسیم سے متعلق معاہدے کا اعلان کردیا ہے، بی جے پی 68 سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے۔
☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملاوی کے اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera کے ساتھ باہمی مذاکرات کئے۔ اس موقع پر آرٹ اور ثقافت، کھیل کود، نوجوانوں کے امور اور ادویات سازی کے شعبے میں چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔
☆ ہریانہ کی حکومت نے ریاست میں گُردے کے مرض میں مبتلا مریضوں کیلئے مفت ڈائیلیسس کا اعلان کیا ہے۔
☆ بھارت نے اسرائیل اور لبنان کے درمیان جاری تنازع کے دوران لبنان کیلئے انسانی ہمدردی پر مبنی تعاون کے طور پر گیارہ ٹن میڈیکل اشیا کی پہلی کھیپ روانہ کی ہے۔
☆ بینگلورو میں نیوزی لینڈ کے ساتھ پہلے ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں بھارت تیسرے دن 125 رن سے پیچھے ہے۔
☆ ڈنمارک اوپن بیڈمنٹن میں پی وی سندھو خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں ہار گئی ہیں۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *Jharkhand NDA Seat Sharing*

جھارکھنڈ کے آنے والے اسمبلی انتخابات کیلئے NDA کے اتحادیوں کے درمیان سیٹ کی تقسیم کے فارمولے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ رانچی میں اِس بات کا اعلان کرتے ہوئے جھارکھنڈ الیکشن کے ساتھی انچارج ہیمنت بسوا سرما نے بتایا کہ بی جے پی 68 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی جبکہ دس سیٹیں آل جھارکھنڈ اسٹوڈینٹ یونین AJSU پارٹی کو دی گئی ہیں۔ جمشید پور ویسٹ اور Tamar کی دو سیٹیں جنتا دَل یونائیٹڈ کو اور چھترا کی ایک سیٹ چراغ پاسوان کی قیادت والی LJP کو دی گئی ہے۔
دوسری طرف آئی این ڈی آئی اے بلاک سیٹوں کی تقسیم سے متعلق فارمولے پر کوئی فیصلہ لینے کیلئے اپنے

اتحادیوں کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے۔ اِس مرتبہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس، راشٹریہ جنتا دل اور CPIML کے ساتھ مل کر الیکشن لڑے گا۔ RJD کے سینئر لیڈر تیجسوی پرساد یادو JMM کے ایگزکیٹو صدر ہیمنت سورین کے ساتھ سیٹوں کی تقسیم سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیلئے آج رانچی پہنچ گئے ہیں۔ کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی کل اسی موضوع پر بات چیت کیلئے رانچی پہنچ رہے ہیں۔

نوٹیفکیشن جاری ہوجانے کے ساتھ ہی اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے پرچے بھرے جانے کا عمل آج شروع ہوگیا اور تین پرچے داخل ہوگئے۔ 13 نومبر کو پہلے مرحلے کے تحت 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ 20 نومبر کو انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت 38 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

## Assam Byepolls

آسام میں پانچ اسمبلی حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات حلقوں کی حد بندی سے پہلے والی صورتحال کے مطابق ہوں گے۔ گواہاٹی میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے چیف انتخابی افسر انوراگ گوئل نے کہا کہ نوٹیفکیشن کے جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا عمل آج شروع ہوگیا۔ حالانکہ جناب گوئل نے اس بات کو واضح کیا کہ ووٹروں کو EPIC کارڈس کو لے کر گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ووٹنگ کے دن ووٹ ڈالنے کیلئے نئے اور پرانے دونوں کارڈس کی اجازت ہوگی۔جناب گوئل نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں 9 لاکھ سے زائد لوگ ووٹ ڈال سکیں گے۔ x

## EVE President Malawai Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تین افریقی ملکوں کے اپنے دورے کے ایک حصے کے طور پر ملاوی کے دورے کے دوسرے دن آج اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera سے باہمی میٹنگیں کیں۔ وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد بھارت اور ملاوی کے درمیان چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

V/C Mayusha

بھارت اور ملاوی نے کھیلوں، نوجوانوں کے امور، ادویات سازی اور آرٹ اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون سے متعلق چار اہم مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ خیرسگالی کے جذبے کے طور پر بھارت ملاوی کو ایک ہزار میٹرک ٹن چاول اور Bhabhtron کینسر کے علاج کی مشینیں دے رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملاوی میں ایک مستقل مصنوعی اعضا بدلے جانے کا مرکز کھولے جانے کا بھی اعلان کیا۔ امور خارجہ کی وزارت کے سکریٹری اُرن کمار چٹرجی نے ملاوی کے صدر جمہوریہ کے بارے میں میڈیا کو بتایا کہ اُن کے اِس دورے سے بھارت-ملاوی تعلقات کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے۔باہمی اور وفد کی سطح کی بات چیت میں دونوں ملکوں کی پیشرفت اور خوشحالی کی جانب دونوں ملکوں کے مضبوط عزم کی توثیق کی ہے۔

Lilongwe سے Mayusha کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی
صدر جمہوریہ کا دورہ کل مکمل ہوجائے گا اور وہ ملاوی سے دلّی روانہ ہوجائیں گی۔ صدر جمہوریہ کل شری رادھا کرشنا مندر اور ملاوی کی مشہور جھیل کا دورہ کریں گی۔x

## Pm Russia

وزیر اعظم نریندر مودی برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ پر مشتمل برکس ممالک کے سولہویں اجلاس میں شرکت کیلئے اِس مہینے کی 22 تاریخ سے روس کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ Kazan میں یہ سربراہ کانفرنس انصاف پر مبنی عالمگیر ترقی اور سلامتی کیلئے کثیر سطحی نظام کو مستحکم کرنے کے موضوع پر منعقد ہوگی۔ اس سربراہ کانفرنس سے رہنماؤں کو اہم عالمگیر مسائل پر بات چیت کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ملے گا۔ اس کانفرنس سے برکس کے ذریعے شروع کئے گئے اقدامات کی پیشرفت کا جائزہ لینے کا گرانقدر موقع میسر آئے گا، ساتھ ہی مستقبل کی شراکت داریوں کے سلسلے میں امکانی شعبوں کی شناخت ہوسکے گی۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے بتایا کہ توقع ہے کہ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی برکس ممبر ملکوں کے اپنی ہم منصب شخصیات اور مدعو لیڈروں سے باہمی گفتگو کریں گے۔x

## Rajnath DRDO

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا کہ غیر روایتی ہتھیاروں کی وجہ سے دفاع کے شعبے میں نئے چیلنج پیدا ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ٹکنالوجی کی وجہ سے غیر روایتی ہتھیاروں کی اس نئی شکل میں اضافہ ہوا ہے۔ آج نئی دلّی میں پانچویں Dare to Dream اختراع کے مقابلے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غیر روایتی ہتھیاروں کو ٹیکنالوجی نے ایک نئی شکل دی ہے۔ اختراع کی جانب حکومت کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے دفاع کے شعبے میں تحقیق و ترقی کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ دنیا میں تبدیلیاں آرہی ہیں، لہٰذا ٹکنالوجی اور تحقیق و ترقی کی اہمیت بھی اسی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ملک کے دفاعی شعبے کو مزید اختراعی اور ٹکنالوجی پر مرکوز بنانے کے تئیں پُر عزم ہے۔ روایتی ہتھیاروں کی ہیئت کی تبدیلی پر وزیر موصوف نے کہا کہ ہتھیاروں اور سازو سامان میں آج ٹکنالوجی کی وجہ سے بڑی تبدیلیاں آرہی ہیں۔ انھوں نے دفاع کے شعبے میں پرائیویٹ سیکٹر کی زیادہ شراکت داری کی بات کہی اور اِس بات پر زور دیا کہ لگاتار بہتر اور خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیوں پر توجہ مرکوز ہونی چاہیے۔ x

## Haryana CM Cabinet

ہریانہ حکومت، ریاست میں گُردے کی بیماریوں سے متاثرہ مریضوں کو مفت ڈائیلسیس خدمات فراہم کرے گی۔ ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے نوتشکیل شدہ ہریانہ کابینہ کی آج پہلی میٹنگ کی صدارت کے بعد یہ اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ غریبوں کی فلاح و بہبود، حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے 24 ہزار

ملازمتیں فراہم کرنے کا وعدہ اپنے حلف لینے سے پہلے پورا کرلیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ حکومت نے درج فہرست ذاتوں کے ریزرویشن کو سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ حکومت، کسانوں کی فصل کے ہر دانے کو کم از کم امدادی قیمت، MSP کے مطابق خریدنے کی پابندِ عہد ہے۔ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ نے کہا کہ اب تک 55 فیصد دھان اور موٹا اناج خریدا جاچکا ہے۔ x

## Uttarakhand UCC

اتراکھنڈ میں شتروگھن سنگھ کی چیئرمین شپ کے تحت تشکیل دی گئی یونیفارم سول کوڈ کے ضابطوں اور نفاذ سے متعلق کمیٹی نے آج سکریٹریٹ میں اس ڈرافٹ مسودے کو وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی کو سونپ دیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC- Sakshi

اتراکھنڈ حکومت جلد ہی UCC قانون نافذ کرنے کیلئے تیزی سے کام کر رہی ہے۔ UCC کے ضابطوں اور نفاذ سے متعلق کمیٹی نے آج ریاست کی راجدھانی میں وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی کو ڈرافٹ مسودہ سونپ دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد UCC کے نفاذ کیلئے تاریخ کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ انہوں نے UCC ضابطوں کے بارے میں تفصیلات بتائیں، جو چار حصوں میں ہیں۔ اِس میں شادی اور طلاق کے رجسٹریشن، بغیر شادی کے تعلقات قائم کرنا، پیدائش اور موت کا رجسٹریشن اور جانشینوں سے متعلق ضابطوں کا ذکر ہے۔ انہوں نے عوام کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے کی غرض سے ایک موبائل ایپ تشکیل دیئے جانے پر زور دیا تاکہ UCC سے متعلق معاملات پر رہنمائی حاصل کی جاسکے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ جسٹس رنجنا پرساد دیسائی کی سربراہی میں ریاستی حکومت نے UCC کمیٹی قائم کی تھی۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## India Assistance

بھارت نے لبنان کیلئے انسانیت نوازی پر مبنی تعاون کی غرض سے آج گیارہ ٹن میڈیکل اشیا کی سپلائی کی پہلی کھیپ روانہ کی ہے۔ ادھر اسرائیل نے دہشت گرد گروپ حزب اللہ کے خلاف اپنے حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ کُل 33 ٹن میڈیکل اشیا کی سپلائی بھیجی جارہی ہے۔

اِس کھیپ میں مختلف بیماریوں میں کام آنے والی دوائیں، جن میں دل کی بیماریوں میں کام آنے والی دوائیں، Steroid سے پاک بخار کی دوائیں، مختلف قسم کے درد میں کام آنے والی دوائیں، اینٹی بایوٹک دوائیں اور Anesthetics دوائیں شامل ہیں۔

بھارت نے بارہ Hemo-dialysis مشینوں کی پہلی کھیپ بھی بھیجی ہے جس کے ساتھ پورٹیبل RO یونٹس ہیں۔ یہ کھیپ پپوا نیوگنی کے پورٹ Moresby کیلئے Pipavav سے روانہ ہوئی۔

امور خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں بتایا کہ اِس سے

بھارت کے اُس وعدے کی تکمیل ہوتی ہے جو اُس نے FIPIC III سمٹ میں کیا تھا اور اِس تعاون سے پپوا نیو گنی کے حفظانِ صحت کے نظام کو استحکام ملے گا۔x

## Govt Arbitration Bill

حکومت نے ثالثی اور مصالحت سے متعلق ترمیمی بل 2024 کے مسودے پر رائے اور تبصرے طلب کئے ہیں۔ قانون اور انصاف کی وزارت نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک میں تنازعات کا حل تلاش کرنے کے ماحول کو مستحکم کرنے اور کاروبار کرنے میں نرمی کو فروغ دینے سے متعلق کئی اقدامات کئے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ قانونی امور کا محکمہ فی الوقت ثالثی اور مصالحت سے متعلق ایکٹ مجریہ 1996 میں مزید ترامیم پر غوروفکر کر رہا ہے۔ اس بل کے اغراض ومقاصد میں ادارہ جاتی ثالثی کو مزید فروغ دینا، ثالثی میں عدالت کی مداخلت کو کم کرنا اور ثالثی سے متعلق کارروائیوں کو بروقت مکمل کئے جانے کو یقینی بنانا شامل ہیں۔ حکومت نے عوام سے اگلے ماہ کی تین تاریخ پر اس پر اُن کی رائے طلب کی ہے۔x

## TRAI Consultation Paper

بھارت کی ٹیلی کوم ریگولیٹری اتھارٹی TRAI نے آج زمینی سطح سے وابستہ نشریاتی اداروں کیلئے انضباطی خاکے کے موضوع پر ایک مشاورتی پیپر جاری کیا ہے۔ حکومت سیٹلائٹ ٹیلی ویژن چینلوں کو اَپ لنک کرنے اور ڈاؤن لنک کرنے کیلئے وقتاً فوقتاً رہنما خطوط جاری کرتی ہے، جس میں ٹی وی کی نشریاتی خدمات سے متعلق قواعد وضوابط ہوتے ہیں۔ مواصلات کی وزارت نے کہا کہ ٹیکنالوجی میں پیشرفت نے نشریاتی اداروں کیلئے اِسے قابل قبول بنادیا ہے کہ وہ اپنے ٹیلی ویژن چینلوں کو زمینی سطح سے جڑی ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے زمینی سطح پر ڈسٹری بیوشن پلیٹ فارم آپریٹروں کو مہیا کرسکیں۔ یہ مشاورتی پیپر TRAI کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور اِس سے متعلق رائے اگلے ماہ کی 15 تاریخ تک پیش کی جاسکتی ہے۔x

## SC Child Marriage

سپریم کورٹ نے آج اِس فیصلے کو برقرار رکھا ہے کہ کسی بھی نوعیت کے پرسنل لاء پر کم عمر کی شادی کی ممانعت کا قانون بالا تر ہی ہوگا۔ سپریم کورٹ نے زور دے کر کہا کہ کم عمر کی شادی نابالغوں کے بنیادی حقوق میں نیز آزادانہ طور پر اپنے شریک حیات کو منتخب کرنے کے حق میں مداخلت کے مترادف ہے۔

چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے بی پردی والا اور منوج مسرا پر مشتمل ایک بینچ نے ملک میں کم عمر کی شادی کی روک تھام سے متعلق قانون پر موثر عمل آوری کیلئے رہنما خطوط بھی جاری کئے۔ فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے چیف جسٹس چندر چوڑ نے اِس بات پر زور دیا کہ پرسنل لاء قومی سطح کے اُن قوانین کے نفاذ میں رکاوٹ کا باعث نہیں ہوسکتے جن کا مقصد کم عمر میں شادی کی روک تھام ہے۔

حکام کو چاہئے کہ ایک قطعی آخری حربے کے طور پر خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانہ عائد کرتے ہوئے کم

عمر میں شادی کی روک تھام اور نابالغوں کے تحفظ پر توجہ مرکوز کریں۔ بینچ نے یہ بھی کہا کہ کم عمر کی شادی کی ممانعت سے متعلق قانون میں کئی کمیاں پائی جاتی ہیں۔ کم عمر کی شادی کی ممانعت سے متعلق ایکٹ 2006 کم عمر کی شادی کی روک تھام اور اِسے معاشرے سے جڑ سے ختم کرنے کو یقینی بنانے کیلئے نافذ ہوا تھا۔x

## Cricket Stumps

کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان جاری پہلے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے 3 وکٹ کے نقصان پر 231 رن بنا لئے ہیں۔ یہ میچ بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔ فی الحال بھارت، نیوزی لینڈ سے 125 رن پیچھے ہے۔ بھارت کی جانب سے وراٹ کوہلی اور سرفراز خان نے 70-70 رن بنائے جبکہ روہت شرما نے 52 رن کی اننگز کھیلی۔وہیں نیوزی لینڈ کی جانب سے اعجاز پٹیل نے 2 وکٹ لئے اور Glenn Phillips نے ایک بھارتی کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔اس سے پہلے نیوزی لینڈ نے Rachin کے 134 رن، Conway کے 91 رن اور Tim Southee کے 65 رن کی بدولت 402 رن کا زبردست اسکور کھڑا کیا۔

## Virat Kohli

بھارتی بلّے باز وراٹ کوہلی، ایسے چوتھے بھارتی بلے باز بن گئے ہیں، جنہوں نے ٹیسٹ میچ میں 9 ہزار مکمل کرلئے ہیں۔ انہوں نے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ کے خلاف جاری کرکٹ ٹیسٹ کی دوسری اننگز کے دوران اِس سنگ میل کو حاصل کیا۔ سچن تندولکر، راہل دراووڑ اور سنیل گواسکر کے بعد اِس نشانے کو حاصل کرنے والے وہ چوتھے بھارتی بلے باز بن گئے ہیں۔ 35 سالہ بلّے باز، انگلینڈ کے Joe Root کے بعد ٹیسٹ میچوں میں سب سے زیادہ رن بنانے والے سرگرم کھلاڑی ہیں۔ مجموعی طور پر فہرست میں وہ 18 ویں نمبر پر ہیں۔ x

## Denmark Open

ڈنمارک اوپن میں بھارت کا چیلنج آج اُس وقت ختم ہوگیا جب دو مرتبہ اولمپک کا تمغہ جیت چکی پی وی سندھو خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں انڈونیشیا کی Gregoria Mariska Tunjung سے ہار گئیں۔ سندھو آٹھویں نمبر کی عالمی کھلاڑی Gregoria سے تیرہ-اکیس، اکیس-سولہ، نو-اکیس سے ہار گئیں۔ یہ اولمپک کے سولہویں راؤنڈ میں چین کی He Bing Jiao سے ہار کے بعد سے دوسرا ٹورنامنٹ تھا۔ پچھلی مرتبہ سندھو اور Tunjung دو ہزار تیئیس کے فرنچ اوپن میں آمنے سامنے تھیں اور اُس وقت پی وی سندھو نے جیت حاصل کی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆